**Shabbir / Farooqi**

**03-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے اعلان کیا ہے کہ بھارتی اشیا پر امریکہ میں جوابی محصول کم کرکے 18 فیصد کردیا گیا ہے۔

2- وزیراعظم نے کہا ہے کہ عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے صدر ٹرمپ کی قیادت اہمیت کی حامل ہے۔

3- بجٹ اجلاس سے، صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بحث آج بھی جاری رہے گی۔

4- سرکار نے مسافروں کیلئے طریقۂ کار کو سہل بنانے اور شفافیت بڑھانے کی خاطر سفر کے سامان سے متعلق 2026 کے ضابطوں کو نوٹیفائی کردیا ہے۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے شمالی بھارت، بہار، راجستھان، مغربی مدھیہ پردیش اور اوڈیشہ میں گھرے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور خواتین کے پریمئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج شام وڈودرہ میں **Eliminator** میچ میں گجرات جائنٹس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Modi US Prez**

وزیراعظم نریندر مودی نے اعلان کیا ہے کہ میڈ اِن انڈیا مصنوعات پر امریکی محصولات کو کم کر کے 18 فیصد کردیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بات چیت کے بعد سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنے عزیز دوست صدر ٹرمپ سے بات کرنا بے حد خوشگوار رہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب دنیا کی دو بڑی معیشتیں اور سب سے بڑی جمہوریتیں مل کر کام کرتی ہیں، تو اِس سے عوام کو کافی فائدہ ہوتا ہے اور باہمی فائدے کیلئے بے پناہ مواقع دستیاب ہوتے ہیں۔ وزیراعظم نے اِس اعلان پر بھارت کے ایک اَرب 40 کروڑ

عوام کی جانب سے صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی قیادت، عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اَمن کی خاطر اُن کی کوششوں کی مکمل حمایت کرتا ہے اور وہ صدر ٹرمپ کے ساتھ مل کر دوطرفہ شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پُرامید ہیں۔×

**Trump Trade Deal**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ امریکہ کے شاندار تعلقات آنے والے دنوں میں مزید مستحکم ہوں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر امریکی صدر نے کہا کہ دونوں ممالک نے ایک تجارتی سمجھوتے پر اتفاق کیا ہے، جس کے تحت امریکہ، جوابی محصولات کو کم کر کے 25 فیصد سے 18 فیصد کردے گا۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی، اُن کے بہترین دوستوں میں سے ایک ہیں اور وہ بھارت کے ایک طاقتور اور قابل احترام رہنما ہیں۔ جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ اور وزیراعظم مودی دو ایسے رہنما ہیں، جو کام مکمل کرکے دکھاتے ہیں، اور یہ بات اکثر لوگوں کے بارے میں نہیں کہی جاسکتی۔×

**IND US Trade Deal Ministers**

مرکزی وزراء امت شاہ، ڈاکٹر ایس جے شنکر، راج ناتھ سنگھ، اشونی ویشنو، پیوش گوئل اور کرن رجیجو نے وزیراعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ساتھ بھارت اور امریکہ کے عوام کو اس تاریخی تجارتی معاہدے پر مبارکباد دی ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ اس معاہدے سے دونوں معیشتوں میں روزگار کے زیادہ مواقع فراہم ہوں گے، نیز ترقی کو فروغ اور جدت طرازی کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ میک اِن انڈیا کی کوششوں کو مضبوط کرے گا اور قابل اعتماد ٹیکنالوجی شراکت داری کو فروغ دے گا۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان اقتصادی تعاون میں موجود وسیع مواقع اب حقیقت بنیں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ مضبوط اقتصادی تعلقات ہی بھارت-امریکہ اسٹریٹیجک شراکت داری کی سب سے مضبوط بنیاد ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے اسے بھارت-امریکہ تعلقات کیلئے ایک تاریخی دن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے بھارت-امریکہ اسٹریٹیجک شراکت داری کو نئی بلندی ملے گی اور دونوں ممالک اور اُن کے عوام کو بڑا فائدہ حاصل ہوگا۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ معاہدہ بھارت-امریکہ اسٹریٹیجک شراکت داری کو نمایاں طور پر مضبوط کرے گا اور دونوں ممالک اور اُن کے عوام کیلئے ٹھوس فوائد فراہم کرے گا۔

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ یہ تجارتی معاہدہ دو ہم خیال اور منصفانہ تجارت کرنے والی

جمہوریتوں کی طاقت کو ظاہر کرتا ہے، جو مشترکہ خوشحالی کیلئے مل کر کام کررہی ہیں۔ جناب گوئل نے کہا کہ یہ صرف ایک تجارتی معاہدہ نہیں، بلکہ ایک اہم سنگ میل ہے، جو بھارت-امریکہ تعلقات کو نئی سمت دے گا اور وِکست بھارت 2047 کی جانب سفر کو تیز کرے گا۔

اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے اِسے ایک شاندار معاہدہ قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ بھارت-امریکہ مل کر امن اور ترقی کیلئے کام کرنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ بھارت اور امریکہ دنیا کی حقیقی جمہوریتیں اور مشترکہ اقدار اور عالمی ذمہ داری کے حامل فطری شراکت دار ہیں۔ جناب رجیجو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں عالمی سطح پر بھارت کی شراکت داری مزید مضبوط ہوتی جارہی ہے۔×

**India Ambassdor Trade Deal**

امریکہ میں بھارت کے سفیر وِنے موہن Kwatra نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی معاہدہ، وزیراعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت والی نتیجہ خیز شراکت داری کیلئے ایک بڑی جیت ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب Kwatra نے کہا کہ مذکورہ تجارتی معاہدہ دونوں ملکوں کی معیشتوں اور عوام کیلئے وسیع پیمانے پر نئے مواقع پیدا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کئے گئے اعلانات بھارت- امریکہ شراکت داری میں نئے مرحلے کا آغاز کریں گے۔×

**Jaishankar US Visit**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، جو امریکہ کے تین دن کے سرکاری دورے پر گئے ہوئے ہیں، اہم معدنیات سے متعلق وزارتی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio نے یہ میٹنگ بلائی ہے۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس وزارتی میٹنگ میں سپلائی چین نظام کی مضبوطی، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی سمت منتقلی اور اہم معدنیات کے شعبے میں کلیدی اشتراک پر خاص زور دیا جائے گا۔ ڈاکٹر جے شنکر اپنے اِس دورے میں امریکی انتظامیہ کے اعلیٰ اہلکاروں کے ساتھ میٹنگیں بھی کریں گے۔×

**Parl Motion of Thanks**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں دونوں ایوانوں میں بحث آج بھی جاری رہے گی۔

لوک سبھا میں بحث کیلئے مجموعی طور پر 18 گھنٹے الاٹ کیے گئے ہیں۔ مرکزی وزیر اور BJP کے ممبر پارلیمنٹ سربانند سونووال نے کَل لوک سبھا میں تحریک پیش کرتے ہوئے صدرِ جمہوریہ کے خطاب کو شاندار قرار دیا اور کہا کہ محترمہ دروپدی مرمو کے خطاب سے ملک کے مستقبل کیلئے باعث تحریک نظریہ فراہم ہوا ہے۔ BJP کے تیجسوی سوریا نے شکریے کی تحریک کی تائید کی۔

اِدھر راجیہ سبھا میں بحث کیلئے 16 گھنٹے مقرر کیے گئے ہیں۔ تحریک پیش کرتے ہوئے نامزد ممبر سی - سدانندن ماسٹر نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ نے اپنے خطاب میں وکست بھارت کی سَمت بھارت کے سفر کا ایک واضح اور پُر اعتماد نظریہ پیش کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پہلے دن سے ہی NDA سرکار سماجی انصاف اور غربت کے خاتمے کے تعلق سے بالکل واضح رہی ہے۔

تحریک کی تائید کرتے ہوئے BJP کی ڈاکٹر میدھا وِشرام کُلکرنی نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ کے خطاب سے بھارت کی لگاتار پیشرفت اجاگر ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی معیشت بدستور بہت مضبوط ہے اور شرحِ ترقی بڑھ کر سات اعشاریہ دو فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ کانگریس کے دِگ وِجے سنگھ نے الزام لگایا کہ سرکار کسان مخالف اور لیبر مخالف ہے۔ ترنمول کانگریس کی ساگاریکا گھوش نے الزام لگایا کہ ڈجیٹل نظام کی وجہ سے سائبر فراڈ اور ڈیٹا گھپلے کے واقعات پیش آ رہے ہیں۔ عام آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ نے صحت اور زرعی شعبوں کے لئے کم رقومات مختص کیے جانے پر سرکار کی نکتہ چینی کی۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Railway Budget Goa**

مرکزی بجٹ 2026-27 میں وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے دو اعشاریہ سات آٹھ لاکھ کروڑ روپے کے کُل اخراجات کے ساتھ ریلوے کیلئے دو اعشاریہ نو تین لاکھ کروڑ روپے کے سرمایہ اخراجات مختص کیے ہیں۔ ایک ورچوئل پریس کانفرنس میں مختلف ریاستوں کی میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اُجاگر کیا کہ گوا میں ریلوے کے پروجیکٹوں کیلئے 515 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بجٹ کے التزامات کو حوصلہ افزا اور انقلابی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی سطح پر کنکٹی وٹی میں اضافہ کرنے کیلئے حکومت کا 7 نئے ہائی اسپیڈ ریلوے کوریڈور کو ترقی دینے کا منصوبہ ہے، تاکہ ریلوے نیٹ ورک کو 7 ہزار کلومیٹر تک توسیع دی جاسکے۔

**S/B Ashwini Vaishnaw on Goa**

ریلوے کے وزیرِ مملکت Ravneet سنگھ بٹو بھی اس پریس کانفرنس میں موجود تھے۔x

## Prez Visit Odisha

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اپنی آبائی ریاست اوڈیشہ کے چھ دن کے دورے کے حصے کے طور پر آج صبح Jajpur میں پوِتر Maa Biraja مندر جائیں گی۔ صدرِ جمہوریہ کے دورے کے مدِّنظر مندر اور اُس کے اطراف وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: V/C Prakash

*صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح جاجپور میں Maa Biraja مندر میں دیوی Biraja کی پوجا ارچنا کریں گی اور مندر کامپلیکس میں ہی ایک پوِتر مقام Nabhi Gaya میں اپنے آنجہانی آباو اجداد کیلئے Pind Daan کی رسم ادا کریں گی۔ بعد میں صدرِ جمہوریہ بالاسور ضلع کیلئے روانہ ہوجائیں گی جہاں وہ فقیر موہن یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔ اِس موقع پر محترمہ دروپدی مرمو نامور شاعر Byasa Kabi Fakir Mohan سیناپتی کو عقیدت کے پھول نذر کریں گی اور بھارت رتن اٹل بہاری واجپئی کے مجسمے کی نقاب کشائی کریں گی نیز یونیورسٹی کیمپس میں ایک ہزار افراد کی گنجائش والے کنونشن ہال کا افتتاح کریں گی۔ شام کو صدر جمہوریہ Puri روانہ ہوجائیں گی جہاں وہ گھ شری جگن ناتھ مندر میں درشن کریں گی۔x*

*بھونیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....*

## Finance Baggage Rules

سرکار نے ہوائی جہاز سے سفر کرنے والے مسافروں کیلئے طریقۂ کار کو سہل بنانے اور شفافیت بڑھانے کی خاطر سفر کے سامان سے متعلق 2026 کے ضابطوں کو نوٹیفائی کردیا ہے۔ وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ مذکورہ ضابطوں سے الیکٹرانک اور پیشگی انکشاف میں مدد ملے گی نیز خوش اسلوبی کے ساتھ منظوری کو یقینی بنایا جا سکے گا۔ اِن تبدیلیوں سے اضافہ شدہ عام فری الاؤنس، رہائش کے فائدوں کی منتقلی اور زیورات وغیرہ کیلئے خصوصی الاؤنس میں سہولت ہوگی۔

## Flight Delay

قومی راجدھانی میں گہرے کہرے کی وجہ سے دلی ہوائی اڈے پر پروازوں کی آمدورفت متاثر ہوئی ہے۔ دلی ہوائی اڈے نے ایڈوائزری جاری کرکے مسافروں سے کہا ہے کہ وہ ہوائی اڈے کیلئے روانہ ہونے سے قبل پروازوں کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کرنے کی خاطر اپنی ایئرلائنس یا متعلقہ ویب سائٹ سے رجوع کریں۔ x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل تک اترپردیش کے علاقوں میں گھرے سے بہت گھرے کہرے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا۔ موسمیات کے محکمے نے آج دلّی، ہریانہ، پنجاب، چنڈی گڑھ، بہار، راجستھان، مغربی مدھیہ پردیش اور اوڈیشہ میں کہیں کہیں گھرے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق آج ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے علاقوں میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ ×

**Balochistan Civiliance Killed**

پاکستان کی انسانی حقوق کی علمبردار سرکردہ تنظیم نے بتایا ہے کہ بلوچستان صوبے کے Nushki ضلع میں کل کیڈٹ کالج کے نزدیک ایک مسافر گاڑی پر پاکستانی سیکیورٹی فورسز کی فائرنگ میں کم از کم 10 عام شہری مارے گئے ہیں۔اِس حملے کی مذمت کرتے ہوئے بلوچ وائس فار جسٹس نے کہا ہے کہ نہتے لوگوں پر اِس طرح کے حملے غیر قانونی ہیں اور یہ بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کے مترادف ہیں۔ اِس ادارے نے یہ بھی کہا ہے کہ پاکستانی فوج کی موجودہ کارروائی کے تحت تشدد بڑھنے سے پورے بلوچستان میں عام شہریوں میں خوف اور عدم سلامتی کا ماحول پیدا ہوگیا ہے۔ اِدھر بلوچستان کی انسانی حقوق کونسل نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ صوبے میں عام شہریوں کے خلاف بڑھتے ہوئے تشدد کے تناظر میں گذشتہ سال بلوچستان میں 598 ہلاکتیں ہوئیں، جن میں بیشتر واقعات کیلئے پاکستانی سیکیورٹی فورسز ذمے دار ہیں۔ اپنی رپورٹ میں کونسل نے کہا ہے کہ 598 ہلاکتوں میں نشانہ بناکر ہلاک کیے جانے کے واقعات سب سے زیادہ ہیں۔ اِس طرح کے 165 کیس سامنے آئے ہیں، جبکہ زیرِ حراست ہلاکتوں کی تعداد 104 ہے۔x

**Cricket WPL**

خواتین پریمئرکرکٹ لیگ میں آج وڈودرہ کے Kotambi میں BCA اسٹیڈیم میں اہم Eliminator میچ میں گجرات جائنٹس کا مقابلہ دہلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ اس میچ کی فاتح ٹیم کا مقابلہ جمعرات کو فائنل میچ میں رائل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔x

**US Ambassador**

بھارت میں امریکہ کے سفیر Sergio Gor نے زور دے کر کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، وزیراعظم نریندر مودی کو ایک بہترین دوست سمجھتے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر امریکی سفیر نے کہا کہ وہ بھارت اور امریکہ

کے درمیان تجارتی معاہدے کی خبروں سے بے حد خوش ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ اور بھارت کے درمیان تعلقات میں کافی امکانات ہیں۔×

## US Chamber of Commerce Trade Deal

امریکی چیمبر آف کامرس کی صدر اور سی ای او Suzanne P Clark نے بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اِسے ایک اہم پیشرفت قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ چیمبر آف کامرس اور امریکی و بھارتی کاروبار کو عرصے سے اس کا انتظار تھا۔ ایک بیان میں محترمہ Clark نے کہا کہ محصولات کو کم کرنے اور غیر محصولاتی رکاوٹوں کو دور کرنے کے اعلان سے دونوں عظیم ملکوں میں امریکی اور بھارتی کمپنیوں اور ورکروں کو کافی فائدہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ایک جامع تجارتی معاہدے کی سمت پہلا قدم ہے، جس سے نجی شعبوں کے درمیان مزید اشتراک کے مواقع فراہم ہوں گے۔×

## Special Train

ویشنو دیوی کٹرہ اور سری نگر کے درمیان مسافروں کی کثیر تعداد کے مدِّنظر ریلوے کے حکام نے وہاں پھنسے ہوئے مسافروں کی سہولت کیلئے ریزرو خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کی اجازت دے دی ہے۔ خراب موسم، سڑک راستے بند ہونے اور پروازیں متاثر ہونے کی وجہ سے وہاں مسافر پھنس کر رہ گئے ہیں۔

آج اور کل کٹرہ اور سری نگر کے درمیان چار خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔ راستے میں یہ ٹرین بانہال میں رکے گی۔ ریلوے حکام نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ریزرویشن کی صورتحال اور ریل گاڑیوں کے نظام الاوقات کے بارے میں پہلے سے جانکاری حاصل کریں۔ مسافر ریلوے کی ویب سائٹ یا ہیلپ لائن نمبر 139 یا نیشنل ٹرین انکوائری نظام کے ذریعے مزید تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔x

## Rabi Crop Data

ملک بھر میں ربیع فصلوں کی بوائی پچھلے مہینے کی 30 تاریخ تک 676 لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ رقبے پر ہوئی ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سیزن میں ربیع فصلوں کی بوائی میں اضافہ دیکھا گیا ہے اور بوائی کا رقبہ پچھلے سال کے مقابلے 15 لاکھ ہیکٹیئر زیادہ ہے۔ گندم کی بوائی 335 لاکھ ہیکٹیئر رقبے پر کی گئی ہے، جبکہ دھان کی بوائی 45 لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ رقبے پر ہوئی ہے۔ دالوں کی بوائی میں بھی اضافہ ہوا ہے، جو 139 لاکھ ہیکٹیئر سے تجاوز کر گئی ہے، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ 124 لاکھ ہیکٹیئر تھی۔ زراعت اور کسانوں کی

بہبود کے محکمے کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق موٹے اناج کی بوائی تقریباً 61 لاکھ ہیکٹیئر رقبے پر ہوئی ہے۔ اسی طرح تلہن کی بوائی کا رقبہ 97 لاکھ ہیکٹیئر سے تجاوز کر گیا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمّار

شکریہ -نتیکا تیاگی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی کے وزیراعظم سے ریاست کے فنڈ پر بات رکھنے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے اس دوران دیئے جناب سینی کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ وزیراعظم کی رہنمائی میں ہریانہ مسلسل ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کا یہ بیان بھی اخباروں نے اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ بجٹ نوجوانوں کیلئے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ کریڈٹ ریٹنگ اور مارکیٹ ریسرچ ایجنسی نے بجٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بجٹ کی توجہ طویل مدتی اصلاحات پر مرکوز کی گئی ہے اور کاروبار کرنے میں آسانی بڑھ رہی ہے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔تمل ناڈو-کرناٹک آبی تنازعہ معاملے میں ٹریبونل قائم کرنے کا حکم۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اہمیت کے ساتھ اس خبر کو شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی اہم سرخی ہے کہ لوگوں کو ڈیجیٹل سازش سے حکومت نے آگاہ کیا۔

اخباروں میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران کو امریکی حملوں سے بچنے کیلئے بڑی رعایتیں دینا ہوں گی- فرانس۔

☆ مجھے ایران کے ساتھ معاہدے تک پہنچنے کی امید ہے- ٹرمپ۔

----------

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے اعلان کیا ہے کہ بھارتی اشیا پر امریکہ میں جوابی محصول کم کرکے 18 فیصد کردیا گیا ہے۔

2- وزیراعظم نے کہا ہے کہ عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے صدر ٹرمپ کی قیادت اہمیت کی حامل ہے۔

3- بجٹ اجلاس سے، صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بحث آج بھی جاری رہے گی۔

4- سرکار نے مسافروں کیلئے طریقۂ کار کو سہل بنانے اور شفافیت بڑھانے کی خاطر سفر کے سامان سے متعلق 2026 کے ضابطوں کو نوٹیفائی کردیا ہے۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے شمالی بھارت، بہار، راجستھان، مغربی مدھیہ پردیش اور اوڈیشہ میں گہرے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور خواتین کے پریمئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج شام وڈودرہ میں **Eliminator** میچ میں گجرات جائنٹس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------